## سوال

بہو کا سسر اور ساس کو ماں اور باپ کہنا السلام علیکم کیا لڑکی شادی کے بعد اپنے شوہر کے والدین یعنی اپنی ساس کو ماں اور سسر کو ابو کہہ سکتی ہے ؟

## جواب

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبداللہ بن عبدالرحمٰن الجبرین سے سوال کیا گیا : ہمارے ہاں بہو اور داماد اپنی ساس کو ماں اور سسر کو باپ کہتے ہیں ۔ تو کیا یہ جائز ہے ؟ تو ان کا جواب تھا : جب کسی شہر میں اظہار محبت کے لیے قریبی رشتہ داروں کو اس طرح پکارنا معروف ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ جیسا کہ عام طور پر بطور محبت و احترام چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ وغیرہ کو ابو یا امی کہہ لیا جاتا ہے ۔ عبداللہ بن عبدالرحمن الجبرین

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث